100 4250ел

DATE LABEL

Call No. ____________ Date ____________

Acc. No. ____________

CENTRAL LIBRARY
THE UNIVERSITY OF KASHMIR

This book should be returned on or before the last date stamped above. An over-due charge of 10 Paise will be levied for each day, if the book is kept beyond that date.

S/C 28726
23-6-27
602 — عمرا ١١

بعون صانع کن فکان و فضل خلاق زمین و زمان

دیوانِ گویا

مطبع نامی منشی نولکشور میں بحسن زیبائش منطبع ہوا

شیخ غلام محمد اینڈ سنز تاجران کتب

CHECKED

اطلاع

اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے اور فہرست اوسکی ہر ایک شائق کو چھاپہ خانے سے مل سکتی ہے جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ سادہ مین کلیات و دواوین اردو و کلیات و دواوین فارسی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اوس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

کلیات و دواوین اردو

کلیات انشاء اللہ خان - نتیجہ طبع شاعر نامی بذلہ سنج میر انشاء اللہ خان انشا تخلص عہد نواب سعادت علیخان مین بڑے مقرب و حاضر جواب تھے۔

کلیات نساخ - عمدہ کلیات جسمین نادر نادر رسائل شامل ہین ۱- شاہد عشرت ۲- سخن شعرا ۳- اشعار نساخ ۴- مرغوب دل ۵- دفتر بیمثال ۶- گنج تواریخ ۷- چشمہ فیض ۸- قند پارسی ۹- زبان ریختہ ۱۰- قطعہ منتخب از جلوہ گرمی طبع وقاد مولوی عبد الغفور خان بہادر۔

کلیات سودا - قصائد و مثنویات و دواوین و رباعیات از کلام تاج الشعرا مرزا رفیع السودا مستند الکلام۔

کلیات نظیر - اکبر آبادی۔

کلیات تراب - مجموعہ جسمین چند کتاب ہین ۱- دیوان ۲- مثنوی عاشق صنم ۳- گوہر بار ۴- شجرہ قادریہ۔

کلیات صنعت - کلام شاعر مستند میان کریم الدین صنعت۔

کلیات ناسخ - دو دیوان صفحہ اور حاشیہ پر نتیجہ بلندی فکر شیخ امام بخش ناسخ شاعر مستند لکھنوی۔

کلیات آتش - طغرائے سخنوران نامی خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی معاصر ناسخ۔

کلیات نظام - کلام سخنور خوش فکر نواب محمد مردان علی خان بہادر۔

کلیات تسلیم - جسکا نام تاریخی نظم ارجمند ہے نتیجہ خوش فکری زبان آور بلند خیال منشی امیر اللہ تسلیم شاگرد حضرت نسیم دہلوی۔

کلیات میر تقی - اوستاد مستند مسلم الثبوت کا کلام بعد نظر ثانی مکرر چھپا۔

کلیات ظفر - کلام الملک ملک الکلام چار جلد مین ۱- جلد اول و دوم یکجائی۔ ۲- جلد سوم و چہارم یکجائی۔

کلیات مومن خان - جدید الطبع۔

بہارستان سخن - اسمین تین استادون کا کلام ہے ہمطرح اور ہمقافیہ غزلین۔ ا- شیخ امام بخش ناسخ ۲- خواجہ بدر علی آتش ۳- مہدی حسین خان آباد بڑی معرکہ کا مجموعہ ہے ہر ایک استاد نے زور طبع دکھایا ہے بعد یگر ترجیح بلا ترجیح کہنا زیبا ہے۔

دیوان رند مسمی بہ **گلدستہ عشق** کلام نواب سید محمد خان رند شاگرد خواجہ حیدر علی آتش۔

دیوان فدا - از موج خیزی طبع وقار مولوی فدا حسین وکیل عدالت دیوانی۔

دیوان غافل - کلام سخنور ہمپایہ آتش و ناسخ منوں خان

دیوان ذوق - از نتیجہ فکر سخنگو عالی خیال سید ابراہیم علی ذوق۔

بعون صانع کن فکان و فضل خلاق زمین و زمان

دیوان گویا

مطبع نامی منشی نولکشور میں بحسن زیبائش منطبع ہوا

شیخ غلام محمد اینڈ سنز تاجران کتب
مائیسمہ بازار امیراکدل سرینگر کشمیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بہار مین ہو اگر ساقیا گلاب قلم
عروس فکر کو دکھلائیگا شباب قلم
قلم بناؤن جو منقار عندلیب کا مین
لکھا ہی وصف جو او سرو تیری قامت کا
صفت لکھون اگر اوس چشم نیمخواب کی مین
خیال زلف مین مانند شاخ سنبل تر
ریاض دہر مین ہی بعد رنج راحت بھی
یہی اشارہ ہی اب چشم مست ساقی کا
اگر مری گل مضمون کی وہ صفت پوچھی

کھلے یہ غم سے نہ شیشۂ شراب قلم
کرے مداد سے کیونکر نہ اب خضاب قلم
نہ بوستان کی سوا پھر لکھے کتاب قلم
بنا ہے مصرعۂ شمشاد کا جواب قلم
ہو مثل سبزۂ خوابیدہ مست خواب قلم
ریاض فکر مین کھاتا ہی پیچ و تاب قلم
کہ پھول کھلتے ہین ہوتا ہی جب گلاب قلم
کہ وصف کشتی مے مین چلے شتاب قلم
صریر سے وہین بلبل کو دے جواب قلم

Allama Iqbal Library
28726
KASHMIR LIBRARY
No. 287
Date 2.3.-6
SRINAGAR

کرے صریر سے وصف اوس رخ کتابی کا — رکھے یہ نوک زبان مطالب قلم
یہ کیا ہی دخل کوئی بات بچ کے رہ جائے — کہ صید ساری ہین مضمون اور عقاب قلم
نہ کام لکھنے سے ہوائے جنون نہ پڑھنے سے — رکھی ہی طاق پہ مدت سے یان کتاب قلم
خیال اگر خطِ مشکین کا ہو دمِ تحریر — تو بے مداد لکھے نامی کا جواب قلم
کنو فلک سے تصدق ہو مثل پروانہ — کہ وصف رخ سے بنا شمع ماہتاب قلم
بیاضِ چشم پہ لکھون مین حسرت دیدار — اگر بنے مژۂ دیدۂ پر آب قلم
کھون مین دیکھ کے قلمین رخ مخطط پر — کتابی چہرہ سے پیدا ہوئی کتاب قلم
نہین ہی ڈر مجھے روز حساب کا زاہد — نہ لکھ سکے گا مرے جرم بحساب قلم
ہمارے خط کو اگر پڑھ کے یار ای قاصد — اوٹھائے ہاتھ مین اپنے جواب قلم
نہ چل سکے کبھی مانند پای خواب آلود — ہو بخت خفتہ کی خوبی سے مست خواب قلم
صدای تار ہی نال قلم مین او مطرب — لکھی جو تیری صفت بنگیا رباب قلم
اگر لکھون صفت چشم مست ساقی مین — بنائے دائرون کو ساغر شراب قلم
لگائیگا مجھے نیز سے یہی بس تعبیر — دیے ہین یار نے مجکو میان خواب قلم
جو وصف زاغ کمان لکھوں او شکار انداز — تو اپنے ہاتھ ہو صورت غراب قلم
مین وہ ہون ساغر معجز رقم سن او بلبل — صریر سے تری نالو کو دے جواب قلم
اگر ڈبوئیے شنجرف مین پے تحریر — یقین ہی صورت گلگون چلے شتاب قلم
بھلا ہی فائدہ کیا ایسی ہرزہ گوئی سے — زبان خراب نگر خانمان خراب قلم

مطلع

بس اب حضور مین کرو عرض ایسے دو مطلع
ہر ایک جس مین ہو مصراع لاجواب قلم

ہما ہوا ہی تری مدح سے وہ ای مولا — جو تیرے ہاتھ مین تھا صورت غراب قلم

صفت ترے وندان کی گر بیان کرے — زبان دھونے کی مانگے گہر کی آب قلم

لکھوں مین شرح جو تیرے کلام رنگین کی — کرے مداد کو رنگینی سے شہاب قلم

ہی تیری مدح کا غفلت مین بھی خیال مجھے — بسان نبض ہی جاری میان خواب قلم

مین رشک گلشن جنت کہوں بیتان کو — جو وصف شیر خدا مین لکھے کتاب قلم

لکھوں ترے سر مجروح کا جو مرثیہ مین — تو جائے اشک سیہ روئے خون ناب قلم

ہوا ہے جس سے کہ تحریر دفتر تقدیر — وہ تیرے ہاتھ مین ہی یا ابو تراب قلم

صفت لکھوں مین اگر تیری رائ روشن کی — تو تیرے ہاتھ مین ہو شمع ماہتاب قلم

لکھا جو نام ترا لوح پر ہوا ممتاز — کہ چوب خشک کو حاصل ہوا خطاب قلم

ہوا تو دست بقبضہ نہ حرف حق کلمہ — زمین پہ تو نے رکھا یا ابا تراب قلم

تو تیرے دشمن موذی کا نام مین لکھوں — تو کھائے سانپ کے مانند پیچ و تاب قلم

چلے گا تیرے عدو کے لیے جو صورت تیر — کمان کے خانے مین رکھے گا یا تراب قلم

صریر کلک سے ہو شور الامان پیدا — جو صفحے پر لگے لکھنے ترا عتاب قلم

لکھے جو وصف تری قہر شعلہ افشان کا — بنائے طائر مضمون کو بھی کباب قلم

صریر کلک سے زہرہ ہو آب آتش کا — اگر لکھے صفت شعلۂ عتاب قلم

تری نسیم عدالت سے اے کرم گستر — ریاض خلد مین ہوتا نہین گلاب قلم

شہا یہ تیری عدالت کا گرم بازار — کبھی ہوا نہ سر شمع ماہتاب قلم

الٰہی تا کہ رہے صفحۂ جہان قائم — الٰہی تا کہ رہے دہر مین کتاب قلم
جہان مین شاہ ولایت کے دوست ہین جتنے — بجز ثواب نہ اونکے لکھے عذاب قلم
جو دوستون کو سمجھتے ہین دشمنان علیؑ — تو اونکی سر کو کرے تیغ بوتراب قلم
علیؑ کا صفحۂ عالم مین جو کہ دشمن ہو — تو رو سیہ کرے اسی طرح شتاب قلم
لکھا کرون مین سدا وصف ساقیٔ کوثر — پیالے دائرے ہون کیفی شراب قلم
اگر مرون مین الٰہی تو خاک سے میری — ہر اک کفن پہ لکھے نام بوتراب قلم

قصیدہ در مدح حضرت خاقان زمان و خدیو گیہان

ابو المظفر معز الدین شاہ زمن نصیر الدین حیدر بادشاہ غازی زاد ملکہ و سلطنتہ

برنگ گل جسے اب دیکھیے وہ خندان ہے — بہار عیش سے ہندوستان گلستان ہے
بنایا ہند کو گلشن بہار نے ایسا — کہ شوق سیر مین سرو چمن خرامان ہے
بہار باغ مین کیا کیا کھلا رہی ہے گل — شگفتہ غنچۂ منقار عندلیبان ہے
چمن مین کیجے اشارہ جو سوئے نخل حنا — تو ساتھ اشارے کے اونگلی برنگ مرجان ہے
ریاض دہر مین پھیرے تو سایہ کی صورت — مراد دل عقب آرزو شتابان ہے
چمن مین بات جو کیجے تو منہ سے پھول جھڑین — اب ان دنون مین یہ فیض بہارستان ہے
زمین پہ دانہ جو پھینکا تو گر کے نخل ہوا — نمو کی سعی سے صیاد سخت حیران ہے

۵

ایک مطلع رنگین غزل کا دو گویا

مطلع

پڑھون حضور معلے مین اوسے اک مطلع
کہ مین ہون غیرت خاقانی اور وہ خاقان ہے
خدا کے فضل سے جو ان شاہ شاہان ہے
اب اسکو ہے [illegible] مع اپنے غزل کی
کہ جسکا شعر مین اصلاح شاہ دوران ہے
وہ کس طرح نہ بھلا شاعرون مین ہو ممتاز
یہ فیض تربیت غیرت سلیمان ہے
[illegible]

مطلع

تو وہ ہے شاہ زمین ہند کے لیے جان ہے
فروغ دیدۂ ایران چراغ توران ہے
وہ نخل ہے چمن سلطنت مین قد تیرا
کہ جسمین برگ عدالت ہو بار احسان ہے
ہے سایہ تیرے سایہ مین شاہ ہر اک غریب و بعید
کہ آفتاب کو نزدیک و دور یکسان ہے

دیوان گویا ۶

نہین ہے کچھ تری دریا دلی کی نسبت اوسے
[illegible]

قلم مین لکھی ہی بالیدگی کی وقت رقم
ہر ایک سطر مگر شاخ عشق پیچان ہے

دکھاؤ کھا کے رخ زخم و زلف کہتی ہین گل رو
اگر وہ ہی چمنستان یہ سنبلستان ہے

زمین پہ دھوکے سے دوڑا ئے ہاتھ گلچین نے
کہ اپنے سائے پر اوسکو خیال ریحان ہے

ہوا کے جھوکے سے اوڑ کر گرا جو یوسف گل
تو چاہ باغ عنادل کو چاہ کنعان ہے

نسیم پھرتی ہے مانند خضر کہتی ہوئی
کہ دست شاخ مین گل جام آب حیوان ہے

بجا ہی بادہ ٹپکتی ہے تاک سے مستی
پیالہ دیکھیو ساقی کہ دور مستان ہے

بجا ہی کہیے ہر اک گھر کو خانۂ باغ اگر
ستون خانۂ شمشاد و باغ یکسان ہے

نہ کس طرح سے گلستان ہند ہو سرسبز
کہ دست فیض شہنشاہ مثل باران ہے

یقین ہے سیر کو اب آئے بلبل شیراز
گل نشاط سے ہندوستان گلستان ہے

سمجھ کے دار اماں آتی ہی یہان خلقت
کہ شہر کشتی نوح و زمانہ طوفان ہے

سپہر ملک مین ہو کیون نہ ہند برج حمل
کہ خانۂ شرف آفتاب تابان ہے

سپہر مرتبہ سلطان نصیر دین حیدر
ہی بادشہ جو کوئی تو وہ شاہ شاہان ہے

زمین کی طرح قدمبوس آسمان ہوتا
مگر وہ منتظر حکم شاہ دوران ہے

ہر اک صدف رخ دریا پہ ہے حباب آسا
کہ دست شاہ در افشان برنگ نیسان ہے

نہ کس طرح کہے اوسکو جہان شاہ جہان
زمین کی طرح فلک اوسکے زیر فرمان ہے

اب ایسے شاہ کا گویا ہوا ہون مین شاگرد
کہ جسکے ملک معانی بھی زیر فرمان ہے

[illegible]

دیوان گویا

۷

جہان کو تیغ حوادث سے کسطرح ہو گزند
دعائین دے کے تجھے شب کو سوتی ہے خلقت
کسی غریب کے گھر تک بھلا کب آ ئے چور
شناہ بازی ترے آگے تیغ بازی بھی
فراز دست عدو کیون نہ سیکھے بالون سے
خرید کیجیے کوڑی کٹار کی دے کر
ترا عدو جو سکندر بھی ہے شہا بالفرض
عدو کے قبضے سے بے چھینے تیغ ہاتھ آئے
کمان سے تیر ترا نکلے کیا برائے شکار
بجائے پر نکل آتے ہین استخوان تن سے
کیا ہے حکم جو تو نے نہ رہنے پائے شراب
اسی سے کہنے لگے آفتاب او سے شاع
لگے نہ بحر جہان مین کچھ اوسکا تھل بڑا
یہی ہے ڈر نہ کوئی دے شراب سے تمثیل
عوض مین غنچہ کے توڑین گلابیان گلچین
پیالے ٹوٹتے ہین آپ مثل جام شراب
لکھین جو تخت مرصع پہ تیری تعریفین +

کہ چار سمت کا چار آئینہ نگہبان ہے
ہر ایک در کے لیے دزد مثل دربان ہے
کمند موج لیے سیل بھی گریزان ہے
سر عدو خم تیغ گوی و چوگان ہے
کہ تیغ قبضے سے سر جسم سے گریزان ہے
متاع جان عدو آج کل یہ ارزان ہے
تو ڈر سے صورت عکس آئینہ مین وہ پنہان ہے
ترا وہ جذبۂ آہن ربای فرمان ہے
کہ جو ہے صید وہ قربان پہ تیری قربان ہے
ہمارے تیر کے ڈر سے یہ صید لرزان ہے
خمون کو توڑ کے ہر بادہ کش گریزان ہے
کہ نام سے نہ کوئی لے ترا یہ فرمان ہے
کہ بہر کشتی مے قہر تیرا طوفان ہے
فلک پہ دیکھیے تو آفتاب لرزان ہے
بہار شرع سے ہندوستان گلستان ہے
ترا یہ رعب ہے یہ حکم ہے یہ فرمان ہے
تو خامۂ دو زبان آج گوہر افشان ہے

[illegible]

یہ جلد رو ہے کہ پل مین نگہ سے غائب ہو	اگرچہ ڈہیل ہین وہ مثل چرخ گردان ہے
گریگا نفی عدو کو ترے یہ ثابت ہے	کہ دونون دانتون سے اک شکل لانما یان ہے
جو دیکھون فیل فلک رتبہ کو ترے تو کہون	برنگ کوہ یہ ای خسرو جہانبان ہے
نہین ہین دانت کہ فرہاد کے ہین دست دراز	نہین ہے سونڈ یہ شیرین کی زلف پیچان ہے

دعا کے واسطے گویا اوٹھا تو اپنے ہاتھ
صفت کا اوسکی بیان تجھسے غیر امکان ہے

الٰہی تا رہے گل سے محبت بلبل	بہار زلف سے جبتک جہان گلستان ہے
ریاض دہر مین جبتک رہی گل خورشید	الٰہی تا کہ گل ماہتاب تابان ہے
دکھائی دے گل رعنا کیطرح تا شب و روز	خوشی سے تا کہ یہ طاؤس چرخ رقصان ہے
ہمیشہ عارض و گیسو کو تا کہین شاعر	اگر یہ ہے چمنستان وہ سنبلستان ہے
زمین فلک پہ یہ جبتک ثوابت و سیار	زمین پہ تا کہ یہ گردان سپہر گردان ہے
ہمیشہ عمر دراز خضر کا تا رہے ذکر	جہان مین تا کہ یہ ظلمات و آب حیوان ہے
سپہر آئے نظر جب تلک کہ بازیگاہ	ہلال و مہر مین تا لطف گوی چوگان ہے
الٰہی تا رہے او رنگ زرنگار سپہر	زمین تا شہ خاور کے زیر فرمان ہے
رہے مدام تو باتخت و تاج و جاہ و حشم	کہا کرے تجھے خلقت یہ شاہ شاہان ہے

قصیدہ در مدح حضرت خاقان زمان و خدیو کیہان ابو المظفر معز الدین شاہ زمن نصیر الدین حیدر بادشاہ غازی زاد ملکہ و سلطنتہ

آفسو ہین روان لب پہ ہر دم چاک گریبان
جب خال سیہ دیکھے رخسار پہ کیسے
چھالون لئے مرے پاؤن کے آنکھو نپہ جگہ دیکا
وہ رشک پری جا کے جو گلگشت چمن کو
پروانہ بنے فاختہ اور شمع بنے سرو
میری غزل گرم کا اب مطلع روشن

ہے کون ترے بے سرو سامان کے برابر
ہندو کوئی بیٹھا ہے مسلمان کے برابر
سمجھے ہین ہر اک خار کو مژگان کے برابر
ہو تختہ گل تخت سلیمان کے برابر
یار آئے تو ہو بزم گلستان کے برابر
ہے مطلع خورشید درخشان کے برابر

مطلع

روتا ہون کھڑا مین در جانان کے برابر
گل کھا کے بنا ہون مین گلستان کے برابر
ہر چند کہ موزون ہے ترا سرو بھی قمری
کہتا ہے خضر دیکھ کے سرخی ترے لب کی
قربان مری ایسی اسیری کے رہائی
ایسا ہی جلا دیکھ کے تیرا قد و قامت
تم کشتون کے مدفن پہ جو آؤ تو سمجھ کر
یہ عشق نے کیا آگ لگادی ہے الٰہی
ہے موج ہوا تیر و کمان شاخ خمیدہ
بوسہ وہین لے لونگا مسلمان ہون اگر

نہرین ہین روان روضۂ رضوان کے برابر
نالے ہین مرے مرغ خوش الحان کے برابر
لیکن نہ مرے سرو خرامان کے برابر
خون کس کا ہوا چشمۂ حیوان کے برابر
یوسف مرا آیا در زندان کے برابر
ہے سرو چمن سرو چراغان کے برابر
لے جائے کوئی ہاتھ نہ دامان کے برابر
دوزخ بھی نہین سینۂ سوزان کے برابر
بن تیر ہے ہر اک غنچہ ہے پیکان کے برابر
عارض کو نہ کہیو کہین قرآن کے برابر

قصیدہ در مدح حضرت خاقان زمان خدیو گیہان ابو المظفر معز الدین شاہ زمن غازی الدین حیدر بادشاہ غازی زاد ملکہ و سلطنتہ

بخشی ہی ترے روز حمایت نی یہ طاقت
ہر طفل ہی اب سام نریمان کے برابر

گلے مین جہان کوئی نگہبان نہین ہے
وان گرگ سے تا شیر ہے چوپان کی برابر

رہتا ہی شرر آب مین اب صورت مرجان
ہی شمع کا بھی چور نگہبان کے برابر

تا حسن عدالت کا ہو یا سنگ مے وزن
خورشید ہمیشہ رہے میزان کے برابر

چورون کی طرح ہاتھ لگے دزد حنا بھی
اللہ رے فرمان ترے فرمان کے برابر

دروازے کھلے چین سے کیا سوتی ہی خلقت
ہے روزن در دیدہ دربان کے برابر

ایسی ہے ترے عہد مین اسلام کی عزت
ہے رشتۂ تسبیح رگ جان کے برابر

جو طوف ترے در کا کرے ہی وہی حاجی
تیرا ہے مکان کعبۂ ایمان کے برابر

گر تیری شجاعت کا کرون حال مین تحریر
ہنجائے قلم خنجر بران کے برابر

افسانہ کہون گر تری شمشیر دو دم کا
دشمن کو سلاؤن وہین میدان کے برابر

تلوار تری روز وغا برق نظر آئے
سر دشمنون کے قطرۂ باران کی برابر

گر کاٹ سناؤن مین تری تیغ دو دم کا
ہو ملک عدو شہر خموشان کے برابر

ہے دوست کو تلوار تری نوح کی کشتی
اور آب عدو کے لیے طوفان کے برابر

بجلی گرے دشمن پہ جو ہو عکس فگن تیغ
سایہ بھی ہے اک برق درخشان کے برابر

ہے اسپ فلک سیر ترا غیرت خورشید
ڈانٹے تو اگر اوسکو تو بس ہان کی برابر

جائے کبھی مشرق کبھی مغرب وہ چھلاوا
بجلی سا کبھی گنبد گردان کے برابر

اوڑنے مین اگر کہیے تو وہ رشک پری ہی
خصلت مین جو دیکھو تو ہے انسان کے برابر

ہماری حال کی ہی نرگس جادو نے مار ڈالا ہے
پہ جنون مین کبھی ہم [illegible] سر [illegible] نشتر [illegible]
[illegible]

خیال سنبل خط مین جلون ہون مین وحشی — قلم کی طرح مرے نقش پا نہین تحریر
زبان سے گو نہ کہا حال ناتوانی کا — شکست رنگ سے کرتا رہا ہون مین تقریر
فتادگی مری مسطور کلک قدرت تھی — جبین نقش قدم پر لکھا خطِ تقدیر
وہ شوخ طفلی مین کرتا تھا مشق بیتابی — صریر کلک پہ رکھتا تھا تہمت تقریر
نظر پڑی تری سنبل کی جیسے بیتابی — فرو کی شکل ہے جنبش مین جوہر شمشیر
فلک کے پار ہوئی اپنی آہ نیم شبی — ہمارے تیر سے صیاد ہو گیا نخچیر
وہ کوہکن ہون کرون مین جو عزم کوہکنی — تو آب تیشہ روان ہو بجای چشمۂ شیر
رقیب دیکھ کے کٹتے ہین اسلیے ہمکو — کہ آب تیغ سے اپنی ہوئی ہے خاک خمیر
وہ ہم سخن ہو تو عیسی کا دم بھڑک جاے — یقین ہے معجزۂ لب سے بول اوٹھے تصویر
مرے سبب سے جنون کا ہے سلسلہ باقی — قدم سے ہے مرے آباد کوچۂ زنجیر
کسی کے قامتِ موزون کا دھیان آتا ہے — تو چاہیے غزل عاشقانہ ہو تحریر

مطلع

ہنوز عشق جوان ہے اگرچہ مین ہون پیر — اک آفتاب ہے مثلِ سحر گریبان گیر
لکھون جو مینی و زلف و دہن کی مین اوصاف — کہین یہ سب ہے الف لام میم کی تفسیر
کرو جو شرح جدائی تو ای کمان ابرو — جدا ہین لب سوفار سان لب تقریر
ہمارے ضعف کی تاثیر دیکھ ای مجنون — دکھائی دیتی نہین صورت صدا زنجیر

شفق [illegible] دیکھا غضب [illegible]
[illegible] ابرو [illegible] صبا جل [illegible]
کمان [illegible] یار کی [illegible]
[illegible]

ترے شوق ناوک اندازی
[illegible] سے رنگ ہمارا تیر
[illegible] قاتل ہی کو نہین [illegible] شمشیر
[illegible] طفلی مین
[illegible] زلف یار دراز
[illegible]

مطلع

خدا [illegible] جناب اقدس سلطان دہر شاہ زمن
[illegible] آفتاب عالم [illegible] ماہ
[illegible]

مطلع

ہوئے ہیں تیغ زنی حفاظت [illegible] سے سب [illegible]

ہوا نہ زاغ کمان آج تک [illegible] ہم [illegible]

اوسکے زمانے میں ظالم ہیں مہربان [illegible]

کمان جس کو دیکھو تو وہ بھی [illegible]

نہ اس چمن میں [illegible]

خراب ہاتھ کی [illegible] اوسکی طرف نگاہ کرے

تو چشم کم سے جو [illegible]

ہلال سے بھی دوچند ان ہوا [illegible] نقش

ہوا وہ تیر کے اشارے سے جو ہوا ناوک

کھلا ہے ناخن ابرو سے عقدۂ تقدیر

ترے غضب کی صفت میں لکھا ہے جو مطلع

تو شکل شور قیامت ہوئی قلم کی صریر

مطلع

نگاہ قہر سے تیرے جو ہو گئی [illegible]

ابھی ہو طائر رنگ حنا فلک [illegible]

کبھی جو وہ ترے [illegible]

مثال طوق بنے ماہ نو فلک ہو [illegible]

ترے کرم کی بدولت یہ مالِ مزرعی حقیر — کہ خاک در کی طرح پایمال ہے اکسیر

نہ کیوں ہو صورتِ دیگ گہر دہان سوال — کہ تو ہے بحر سخا تیرا فیض ابر مطیر

ترے کرم سے گدا بے نوا ہوا ایسے — کہ مثل آب گہر ہو گئی ہے موج حصیر

زبسکہ ہے ترا دریائے فیض طغیان پر — گدا نے آب گہر سے کیے ہیں گھر تعمیر

ترے بہار کرم کا یہ فیض ہے جاری — نکل کے صفحے سے اوڑتی ہے بلبل تصویر

کیا ہے سرو کو آزاد تو نے گلشن میں — صفات بندہ نوازی ہو مجھ سے کیا تحریر

لگے ہیں نخل تصاویر میں بھی پھول اور پھل — نہال ہیں تری بخشش سے گلشن تصویر

غریق آب گہر ہے فقیر کی کشتی — ترے کرم سے ہوا پایمالی ابر مطیر

طلب جو کرے جو کوئی مشک اوسکو بخشے ختن — جو شال مانگے کوئی بخش دے او سے کشمیر

جو دیکھی تیری سخاوت فلک کے اوڑ گئے ہوش — گدا کو گنگا و زمین دے بجائے کاسۂ شیر

پڑھو اک اور بھی مطلع تری صفت میں غلام — شہا اگرچہ ہے قاصر مرا لب تقریر

مطلع

یہ ہے ترے در دولت کی خاک کی تاثیر — کہ جس فقیر کو دیکھو ہے صاحب اکسیر

لکھے گا منشی گردوں کچھ اپنا حال تجھے — ترا وہ رتبہ ہے اے آفتاب عالمگیر

یہ کہکشاں کا نہیں خط فلک کے صفحہ پر — کہ عرضداشت کی مد اوسنے کی شہا تحریر

وہ تیری عدل و حفاظت میں لکھو مطلع — کہ جس کا مطلع ثانی ہے مہر عالمگیر

[illegible]

نہ کیوں [illegible] تری [illegible]

[illegible]

قصیدہ

ہزار بار پھر آئے وہ ربع مسکون مین — نگہ کو تا نہ شرہ ہوئی آنے مین تاخیر

فلک کے ساتون طبق ایکدم مین طے وہ کرے — تری سمند کو کیونکر کہون نہ عرش شیر

جو دیکھے اوسے نام خدا تو اوڑتا ہے — بجا ہے رنگ پریدہ کے گر کھینچے تصویر

اوسے ہی تار نگہ تازیانے سے افزون — جو دیکھے تو نکلجائے صفحے سے تصویر

سوار فیل پہ دیکھین تجھے تو سب یہ کہین — کہ آج رات کو نکلا ہے مہر عالمگیر

لکھون وہ فیل کی تعریف مین نیا مضمون — قلم نے آج تلک جو کیا نہو تحریر

ہو فیلبان ہی فرہاد تو ہے تیشہ کمک — پہاڑ فیل اگر ہے تو دانت چشمہ شیر

یہ جلد رو ہے کہ ٹھہرے نہ ایکدم ہرگز — اگرچہ سطر مین ہون مضمون فیل کو زنجیر

یہ وصل کیا ہے تری مدح کر سکے گویا
تری صفت مین ہے قاصر شا لب تقریر

اوٹھاؤن بہر دعا ہاتھ اپنے ای مولا — کہ تو ہے شاہ زمن مین ہون تیرے در کا فقیر

الٰہی تا رہو قائم یہ آسمان و زمین — الٰہی تا کہ رہے آفتاب و ماہ منیر

فلک پہ تا رہین اختر زمین پہ آدم زاد — الٰہی تا کہ رہے برق و رعد و ابر مطیر

مژہ کو تیر کہین اور کمان ابرو کو — ہمیشہ یار کی زلفون کو تا لکھین زنجیر

نگاہ یار ہو یارب ملائے جان جبتک — سواد چشم پری تا ہو سرمۂ تسخیر

کمان چرخ تری دوست کی ہو حلقہ بگوش — ترے عدو کو لگائے شہاب ثاقب تیر

الٰہی شرق سے تا غرب تیرا حکم رہے — کیا کرین تجھے سب آفتاب عالمگیر

یہ رنگ دیکھ کے حیران ہوا ہیں آئینہ وار
کہا خرد نے کہ ای سادہ لوح سن کر

بہار فیض سے او سکے ہے یہ جہان گلشن
ہے جسکے ابر سخا کا ہر ایک قطرہ گہر

محیط پنجہ مرجان بھی ہو نکالے ہاتھ
سخی بھی دست سخا کے ہیں اوسکے دست نگر

تمام خلق کو اوس نے زبس نہال کیا
ہر رنگ غنچہ ہے مفلس کی مشت میں بھی زر

پڑھوں حضور میں اب لاجواب اک مطلع
اگرچہ وصف سدا غائبانہ ہے لب پر

مطلع

تری بہار کرم کا ہے فیض عالم پر
کہ پھل تو رکھتی ہے تلوار اور پھول سپر

ہر ایک فیض سے تیرے ہے زندہ جاوید
یہ کیا ہے دخل کوئی ہو یتیم جز گوہر

فقیر در پہ ترے جو گیا بنا وہ غنی
کہ تیری خاک قدم میں ہی کیمیا کا اثر

نسیم صبح کو گر حکم ہو حفاظت کا
نہ چاک ہووے گریبان غنچہ بار دگر

ذرا الم ہو کسی کو تو ہو زیادہ خوشی
جو نکلے آنکھ سے آنسو وہیں بنے گوہر

ہلال بنتا ہے تسلیم کو مہ کامل
صباح آتا ہے مجرے کو خسرو خاور

نگاہ گرم سے گلشن بنگ مجمر ہو
شمیم لطف سے بنجائے مثل گل اخگر

جہان کو ہے یہ تری چشم پرورش سے فیض
کہ طفل اشک کو دامن ہی دامن مادر

ترے تو عہد میں غم بھی یہ راحت جان ہے
کہ سر کے کٹنے سے ہوتی ہے شمع روشن تر

مثال سرو ہے شمع باغ ہو محفل
کرے جو بزم میں تیری نسیم لطف گذر

ہوا ہے آتشِ گل سے یہ عالم گلزار
کہ نخل طور ہین گلشن مین اک قلم اشجار

عجب ہی نام خدا لطف رنگ خاک چمن
خفائی ہوتے ہین پائے بتان دمِ رفتار

نسیم گل مین ہے تاثیر معجزۂ عیسیٰ
نہ کوئی دیدۂ نرگس کو اب کہے بیمار

خروش خندۂ گل اسقدر ہے گلشن مین
کہ کان تک نہین آتی نوای بلبل زار

گذر جو زاغ کا ہو تو برنگ طوطی ہو
عجب نہین ہے جو زنگی بھی ہووے گلرخسار

جو گرد باد اوٹھے باد سے بنے وہ سرو
چلے جو باد خزان بھی تو ہو نسیم بہار

چمن مین لائین اگر عندلیب کی تصویر
تو صفحے سے وہ نکل جائے ہے بجوش بہار

جو باد صبح بناگوش مین کرون مین آہ
زبان تک آتی ہی آتے بنے نسیم بہار

زمین تو غیرتِ آئینہ ہے عجب کیا ہے
لگے جو بولنے طوطی سبزۂ گلزار

اوگا ہی خندۂ گل تخم اشک بلبل سے
کہ کچھ تلف نہین کرتی بہار فیض آثار

لسان شمع کہ روشن ہو شمع روشن سے
رکھین جو شاخ ثمردار پر عصا ہون بار

خمیدہ شاخ ہر اک گل کی ہی نزاکت سے
ہوا ہی رنگ بھی اپنا گلون کے اوپر بار

کہین نظر کے نہ صدمے سے نیلوفر ہو جائے
نگاہ کر نہین سکتی ہی گل پہ بلبل زار

یہ پاس نازکی شاخ گل ہے گلشن مین
کہ دم چرائے ہوئے پھرتی ہی نسیم بہار

برنگ عارضِ خوبان ہین صاف دیوارین
مثال گیسوئے محبوب سایۂ دیوار

شراب اوس ہے گل جام غنچہ مینا ہین
نسیم لاتی ہے گردش مین اونکو ساقی وار

چمن مین پھرتی ہی مستی سے لڑکھڑاتی ہوئی
کسی روش پہ صبا اور کہین نسیم بہار

دیوان آتش ۱۵

ہر ایک شے مین رطوبت نے یہ کیا ہے اثر
بنا ہے کاغذ ابری برنگ ابر بہار

مطلع

چو تیرا ابر کرم بحر پر ہو سایہ فگن
حیات میں ہوں لبہان صدف دُرِ شہوار

لگے جو سنگ کو ٹھوکر تری تو یار ہیچ
قدم کے فیض سے اکسیر ہووے گرد و غبار

صبا کرے جو ترے جود کا چمن میں بیان
تو گل صدف بنے شبنم بنے درِ شہوار

کروں میں عرض وہ رنگین مطلعِ ثالث
کہ جیسے برگ گل تر ہزار کیجے نثار

مطلع

ترے سحاب کرم کا جو دشت میں ہو گذار
تو شاخ میں آہوؤں کی سبز ہوکر لائیں بار

زمین پہ ہاتھ جو تو دھو دے اے سحاب کرم
تو آب خاک کو کر دے ملک کا دست افشار

جہان اہل جہان تیری زیر دست ہیں سب
زمین پہ دست سخاوت ترا ہے ابر بہار

ہے ایک آئینہ بردار تیرا اسکندر
مثال قیصر و خاقان ہیں تیری خدمتگار

جو بیٹھے تخت پہ تو سب کہیں سلیمان ہے
ہوں دست بستہ کھڑی انس و جن ہمیں و یسار

اگر بلندیِ اقبال کا نظارہ کرے
سرِ فلک سے گرے آفتاب کی دستار

شہا تو ظل الٰہی ہے اور خلیفۂ حق
قدم جو کرسی پہ رکھے تو ہووے عرش وقار

چلے رکاب سعادت پکڑ کے افریدون
بجا ہے کہیے جو دارا کو غاشیہ بردار

رکھا جہاں کہ قدم تو نے اے سحاب کرم
بنا ہے ابر در افشاں زمین سے اوٹھکے بخار

ہر اک صدف ہی تہی اب لبان درج بخاب
ترا جو دست سخاوت رہا ہے گوہر بار

کرے نہ جیب سحر چاک بخیۂ خورشید
شمیم زلف جو ہو تیری حامی شب تار

نہیں بناتا ہی پا اوسکے خوف جولان سے — نہ گرد کھینچ لے جب تک کہ چرخ سی دیوار
گر اوسکی گرم روی کا بیان کرون کچھ بھی — تو شکل برق بنے ہر مرا لب اظہار
عیان ہے صاف شب قدر سر کی چوٹی سے — طلوع صبح ہے اوسکے جبین پر انوار
ہوا کے دوش پہ گویا کہ سنبلستان ہے — ہے اوسکی گردن موزون پہ بال سی بہار
دم سیاہ ہی یون جلوہ گر سر سرین — کہ درمیان مہ و مہر ہے عیان شب تار
پھر آئے روی زمین سب وہ گام اول مین — کہ جیسے صفحہ قرطاس پر پھرے پرکار
یقین ہی سیکڑون فرسنگ اوسکی جای صدا — لگائے ساز مین مطرب جو موی بال کا تار
شہا صفت تری توسن کی مجھسے کیا ہو بیان — خوشا وہ مرکب عالی کہ جسپہ تو ہو سوار
سوار ہووے جو فیل سیاہ رنگ پہ تو — تو کہیے تو مہ تابان ہی اور وہ شب تار
جو دیکھیں اوسکو کہیں سب کہ چھا گئی ہی گھٹا — کہیں چمک گئی بجلی جو دیکھ لین رفتار
اگرچہ دائرے حلقے ہون سطرین ہون زنجیر — نہ ٹھہرے تسپہ بھی مضمون تیزی رفتار
جو پانی پھیکے وہ خرطوم سی کہین دہقان — ہماری کشت پہ برسا ہے آج ابر بہار

کرون دعا پہ قصیدے کو ختم اے گویا
کہ مدح کر نہیں سکتا مرا لب گفتار

نسیم صبح اجابت ہوئی ہی جنبش مین — مین اپنے دست دعا کھولون غنچہ سان یکبار
الٰہی تا ہی گلزار خلد و باغ جنان — چمن مین پھرتی رہی جبتلک نسیم بہار
بگوش دل سنین جبتک سخن کو صاحب فہم — صدف مین قطرہ نیسان ہوتا در شہوار

[illegible]

غزلیات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[illegible]

۱۷ دیوان گویا

خون روؤن چشم زخم سے مین تیری یاد مین
یارب نشانہ ہون تری الفت کے تیر کا
دل اڑ پڑے [illegible] برق تری ذوق شوق مین
عالم ہو برگ چشم مین ابر مطیر کا
روشن ہو تیری یاد سے دل مثل آفتاب
عالم جبین مین سجدہ سے ماہ منیر کا
[illegible]

[illegible]

سلطان

سلطان مرسلین کی گویا صفت کرون
کیا منہ بھلا ہے مجھ سے فقیر حقیر کا

مقصور تھا جو وقتِ مرگ اک لیلی شمائل کا
مرے تابوت پر دھوکا ہوا مجنون کو محمل کا

وہی تھا جسکو مین سمجھا من و تو ایک مدت تک
زہے غفلت رہا مین مدعی دعوای باطل کا

تعلق ہوئے دامنگیر سالک کا یہ ممکن ہے
نہین اب رہروان کو خوف موجونکی سلاسل کا

نہین ہے علم جانبازی مین کچھ حاجت معلم کی
تڑپنا آپ ہی اوستاد ہے تعلیم بسمل کا

خدا کی یاد سے غافل نکر اس قلب خاکی کو
کہ نور ذکر رونق بخش ہے اس مہرۂ گل کا

بسانِ اشک بے تاثیر مین اک گشت عالم مین
ارادہ میرے دانے سے نرکھے کوئی حاصل کا

نہین ملتی ہے ہاتھون کو گریبان کبھی صورت
پکڑنا قیس کو دشوار ہے دامان محمل کا

ہویدا ہے سواد منزل مقصود زاہد کو
نہ پہونچا کعبے کو جو نابلد ہے وادی دل کا

سینہ زندان تن ہے روح صافی کیون گھبرائے
ملک کو کسطرح خوش آئے مسکن چاہ بابل کا

نہ دیکھون سوئے دریا تشنگی مین بیدلی سے
اگر مین غرق ہون دامن کبھی پکڑون نہ ساحل کا

بھرا ہے جام مہر و ماہ مین شربت شہادت کا
یہ مینائے فلک شیشہ ہے اک زہر ہلاہل کا

ازل سے چلتے چلتے گو رتک پہونچے ہین مشکل سے
کنارہ اب تلک پایا نہین مقصد کی منزل کا

برنگ خوشۂ انگور تھین لاکھون گرہ دل مین
کھلا اک جام سے ساقی کے عقدہ میری مشکل کا

زبان کی بند ہر جانب سے روزن کھل گئے دل کے
نظر کی بند پردہ اوٹھ گیا بس سد حائل کا

نہین ممکن کوئی سیراب ہو دریائے الفت سے
بایں قربت ہمیشہ تشنہ لب رہتا ہے ساحل کا

مین مانگ جاؤن بوسہ گرچہ سو تلوارین مارے تو
زمین پر یار جب چلتا ہی دل پامال ہوتا ہے
تو وہ ہی شمع رو تجھسے اگر تشبیہ دیتا ہون
الٰہی زلف سے آئینہ رخ صاف کہ بیٹھے
شب فرقت کا گر وہ حال پوچھے کیو اے قاصد
جو وحشت مین و قدم رکھون زمین پر آسمان کانپے
تنگ ایسا غم فرقت سے ہون [illegible]
جفا گر وہ کرےگا تو وفا مین بھی دکھاؤنگا

دہان زخم سے مین کام لون لبہای سائل کا
قدم ہی عرش پر پڑتا مرے خورشید منزل کا
فلک پروانہ بجھاتا چراغ ماہ کامل کا
کہ ہے بیجا الجھنا ہر کسی سے کام جاہل کا
بہت رویا بہت پیٹا بہت تڑپا بہت بلکا
بلا دو عرش کی زنجیر کو نالہ سلاسل کا
بنا دیتی قضا جو گھاٹ تنکو تیغ قاتل کا
دہان زخم سے لے لونگا بوسہ تیغ قاتل کا

برہنہ کیا ہی وہ دریا مین گویا تیغ عریان ہے
ہوا ہے مردم آبی مین عالم نیم بسمل کا

کوئی مجھ سا دیوانہ پیدا نہو گا
نہ دیکھا ہو جسنے کبھی اوسکے آگے
گیا ہو گا گلگشت کو جبکہ وہ گل
قیامت کے منکر جو ہین اے ستمگر
کبھی اسکی ہم سے نجانےگی ہر گز

ہوا بھی تو پھر ایسا رسوا نہو گا
ہمین لن ترانی سنا تا نہو گا
تو گلزار پھولا سمایا نہو گا
ترے قد و قامت کو دیکھا نہو گا
فلک جبتلک خوب سیدھا نہو گا

وہ ایسا نہین چپ رہے بات سنکر
کوئی اور ہووے گا گویا نہ ہوگا

دیوان گویا

[illegible]

یان تک رویا کہ پہونچا تا فلک دریا اشک
عقرب گردون پہ دھوکا ہوگیا گھڑیال کا

دیکھکر داغِ دلِ سوزان ہرا نالان ہوا
آفتاب حشر کو دھوکا ہوا گھڑیال کا

جو اوٹھاتا ہے طمع سے ہاتھ وہی پنج ہے
طائرِ رنگ پریدہ کو خطر گیا جال کا

پانو نہین پہنا جو تو نے ماہ کامل بنگیا
تھا برنگِ ماہ تو حلقہ تری خلخال کا

جب تری منھ سے دھوان نکلا بنا ابر بہار
دم مین کھلجائیگا غنچہ بھی تری ہنال کا

مت چھپا رخ کو لب بام فلک بے نور ہے
مہر و مہ مین بن تری عالم ہوا تخال کا

اسقدر محبوب ہے شکل اوسکی گر شجا عکس
نقش ہے آئینہ تصویر مین تمثال کا

دیکھ لیتا ہون جو مہر و مہ کو بارہ مرتبہ
پھر تو ہوتا ہی یقین اوس دن مجکو سال کا

جو کہ دنیا مین ہے وہ پستا ہے تیری چال پر
باغ عالم مین ہر عالم سبزۂ پامال کا

قتل کرنیکو جو آیا ہوگئی بس مجکو عید
تیغ قاتل کو مین سمجھا چاند ہے شوال کا

پانون پڑتے ٹھوکرین کھا آگئی گویا کی عمر
نقش پائے یار ہے نامہ مرے اعمال کا

ہی جو مضمون فتنہ انگیز اسمین تیری چال کا
اب زمین شعر مین بھی خوف ہی بھونچال کا

مردی جی اوٹھتی ہین سنکر ہے یہ طرز گفتگو
ایک عالم جسپہ مرتا ہے وہ عالم جال کا

ابر کہتے ہین جسے ہے سایہ مژگان تر
دامن دریا ہے اک گوشہ مری رومال کا

خون ناحق سے لے نہ سر پر مہندی ہاتھون میں مل
دل پسا جاتا ہی او ظالم تری پامال کا

چاندنی کا دنکو بھی زخمی تری رہتی ہین خوف
پرتو افگن ہے زمین پر چاند تیری ڈھال کا

دیوان گویا ۲۱

کون سویا تھا کھول کر زلفین	تار سنبل ہے تار بستر کا
اوسنے صندل لگایا ماتھے پر	درد دونا ہو مرے سر کا
کیا بنائی کمان ابرو کی	چو سے ہاتھ اوس کمانگر کا
طائر جان کو نامہ بر کیجے	کون احسان لے کبوتر کا
کھو ابر بہار سے آئے	دیکھ لے جوشن دیدۂ تر کا
وہ پری رتبہ مین سلیمان ہے	نقش پا آئینہ سکندر کا
خال مہرو سے دی ہے جو تمثال	ہے فلک پر دماغ اختر کا
زخم پانی چراتے ہین ظالم	ہین وہ پیاسا ہون آب خنجر کا

داغ دل گرد لکھاؤن اے گویا
ہو گمان آفتاب محشر کا

یہ اشارہ کر رہا ہے ہمکو حلقہ دام کا	ہو کف صیاد مین دانہ تمہارے نام کا
گر کبھی ہم چشم ہو چشم بت گلفام کا	پوست کھینچا جائے اس تقصیر پر بادام کا
کھل گیا گیسو جبین مین گر بت گلفام کا	موج بوئے گل نہین عالم ہو گیا گلدام کا
آنکھ پڑتی ہے جو ای صیاد ہر نخچیر کی	آنکھ کا ڈورا ہے گیا ہر ایک ڈورا دام کا
مجھ مین اور اوس مین اب ایسا ہی ہجوم اختلاط	دخل ہو سکتا نہین ہیچ مین پیغام کا
بھول جائے اپنا بل کرنا ابھی شاخ غزال	پیچ دکھلا دے جو تو گیسوئے عنبر فام کا
تھی یہ الفت چشم جانان سے مجھے طفلی مین بھی	شیر کے بدلے سدا شیر اپیا بادام کا

ہو گیا تاراج اپنا کشور صبر و قرار
کھا گئی پان مہی کھاتا ہمین شبخون ہوا
انقلاب عشق آخر چرخ نے دکھلا دیا
لیجیے وہ لیلی تماشائی بھی مرا مجنون ہوا
مہندی ہاتھون مین لگا کر یار نے سمجھا باہمت
معنت مین جب اوسکا دیکھا عاشق مجنون ہوا
تذکرے گویا [illegible]
ہو گئی شب [illegible]

حق پہ سر کٹوا دیا ہے اب تو مین دیکھو لو
طعن ناحق ہے جو سر کاٹا گیا منصور کا

مثل دوزخ جسم سے جنت مین اٹھتا ہی دھوان
بعد مردن بھی یہ عالم ہے تن محرور کا

وصل کا وعدہ وہ کب لکھتا ہی نامہ مین مجھے
نام وصلی پر نہین لکھتا ہو مجھ مہجور کا

بادشاہی کو فقیری سے سمجھتا ہے ذلیل
حوصلہ تو دیکھیو گویا ہے بے مقدور کا

کشتہ ہون تیغ نگاہ نرگس مخمور کا
زخم ہے ہر ایک ساغر بادۂ انگور کا

وصف گر لکھون مین اوسکے عارض پرنور کا
ہاتھ مین میرے قلم بجاے شعلہ طور کا

دیکھ لے آ گر زمین کے آسمان ہتا ہی خم
خاکساری سر جھکا دیتی ہے ہر مغرور کا

اشک مثل آبلہ ہین اور مژہ ہے چشم خار
ضعف سے اب چشم کی گردش فقط ہی دور کا

جای حق پڑھنے لگین زاہد انا الحق جذب سے
رشتۂ تسبیح گر ہو کینہ منصور کا

جس نے دیکھا بس وہین رونے لگا مانند زخم
چشمہ خورشید ہے چشمہ مرے ناسور کا

جام مے بے یار ہمکو آفتاب حشر ہے
قلقل مینای ساقی صاف نالہ صور کا

لب کبھی شکوے سے اپنے آشنا ہوتی نہین
ہو وہان شکر ہر اک زخم مجھ مشکور کا

سنگھیا وہ طور مین جس کوہ پر نالان ہوا
نالہ سوزان فتیلہ ہی چراغ طور کا

شمع سان سو بار سر کٹ کر مرا پیدا ہوا
بوجھ اوتری ہید نہ جھکارا ہوا مزدور کا

اپنے جو مرکو جو وہ دیکھے نگاہ مست سے
ہو ہر اک موتی مین عالم دانۂ انگور کا

ابر تر مژگان تر ہے برق آہ شعلہ بار
بیقراری سے یہ نقشہ ہی ترے رنجور کا

دیوان [illegible] ۳۲

جاناں قاتل کی سپر کا جب عیاں ہو جائیگا
جامہ اپنی زندگانی کا کتاں ہو جائیگا

جی نکلجائیگا تن سے تو گیا صیاد اگر
طائرِ جاں دیکھنا بے آشیاں ہو جائیگا

حسنِ روز افزوں دکھائیگا جو وہ یوسف جمال
پیر مانندِ زلیخا پھر جواں ہو جائیگا

سوت حبِ نزرو یک آئی پھر ملی اوس سے تو کیا
فائدہ گردہ ہوا تو بے زباں ہو جائیگا

میں وہ گریاں ہوں کہ بعد از مرگ تربت پر مری
ابرِ رحمت کا متر سائباں ہو جائیگا

وصفِ قاتل کا کروںگا میں دہاں زخم سے
ٹوٹ کر گر رہگیا خنجر زباں ہو جائیگا

ای معلم مت پڑھا اوس طفل کو زیر و زبر
جنبشِ لب سے تہ و بالا جہاں ہو جائیگا

ہوگی لفظوں سے صفائی روی جاناں کی سبب
صلح ٹھہری گی جو قرآن درمیاں ہو جائیگا

جلوہ فرما ہی جو اب تیرے لبِ شیریں کے پاس
سبزۂ خط طوطیِ شیریں زباں ہو جائیگا

کھولدینگے شعلہ رو زلفیں تو رو دیگا جہاں
آنکھ سے نکلینگے آنسو جب دھواں ہو جائیگا

نیست ہوگا آسماں ہوگی زمیں بے سر بلند
میرے نالوں سے تہ و بالا جہاں ہو جائیگا

جو ہوا کامل وہ کرتا ہے خموشی اختیار
آہ تو جب بدر ہوگا بے زباں ہو جائیگا

آستانِ یار چھوٹیگا نہ بعد از مرگ بھی
سنگِ مدفن مجکو سنگِ آستاں ہو جائیگا

دل جلا تو آئیگا لب پر مقرر دود دل
آگ بھڑکے گی وہاں پیدا دھواں ہو جائیگا

سرخ ہو بات اوسکی چولی کا نظر آیا اگر
وصل میں مجکو شبِ خوں کا گماں ہو جائیگا

شور ہوگا چار سو اے یار المشتاق کا
ایکدم بھی تو جو نظروں سے نہاں ہو جائیگا

ایک دل دینگے ہزاروں اوسکی بوسے لینگے ہم
فائدہ ہوگا بہت تھوڑا زیاں ہو جائیگا

پھر ترے قد کا خیال آنے لگا گلشن مین | نخل ماتم مجھے پھر سروِ گلستان ہوگا
پھر کسی آئینہ رخسار سے الفت ہوگی | صورتِ آئینہ پھر دل مرا حیران ہوگا
زعفرانی کسی تلوار کا پھر ہے رومال | پھر ہر اک زخم مرے جسم کا خندان ہوگا
چاہ پھر تیری جھکائیگی کنوئین ای یوسف | پھر یہ دل شیفتۂ چاہِ زنخدان ہوگا
پھر لکھونگا تری رفتار کی خط مین تعریف | نامہ بر پھر مرا یہ کبک خرامان ہوگا
گھر مین دل پھر مرا گھبرانے لگا آپ سے آپ | ای جنون پھر یہ مکان خانۂ زندان ہوگا
پھر ہوا عشق ترے ناوکِ مژگان سے مجھے | پھر عوض دل کے مری سینے مین پیکان ہوگا
یاد پھر یار کی تڑپائیگی بجلی کی طرح | ابر پھر ساتھ مرے راتون کو گریان ہوگا
پھر مری نالون سے ہو جائیگا محشر برپا | چاک پھر صبحِ قیامت کا گریبان ہوگا
پھر خوش آتی ہے مرے دل کو شبِ ماہ کی سیر | عشق پھر چاند سے مکھڑے کا دوچندان ہوگا
پھر ہوا جوشِ جنون جاؤنگا پھر صحرا کو | پھر ہر اک آبلے مین خارِ مغیلان ہوگا
مجھ سے پھر مرنے پہ خوش چشم کریگی کاوش | سبزہ پھر قبر کا پامال غزالان ہوگا
پھر طبیعت مری آنے لگی اک کافر پر | پھر نہ دل ہوگا نہ دین ہوگا نہ ایمان ہوگا
پھر مزا عشق کا چکھینگے مری زخم جگر | ہاتھ مین پھر مرے قاتل کے نمکدان ہوگا

ان دنون پھر تجھے گویا جو یہ ہچکی سی لگی
پھر ارادہ طرف ملک خموشان ہوگا

یہ مر کے خار خلائق مین ور مست ہوا | کہ سگ کو بھی نہ مرا استخوان پسند ہوا

نہ اجل آئی نہ وہ یار آیا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

نہ تو وصل ہوا نہ وصال ہوا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

ہر رگ کو شوق تھا نشتر کا مشتاق گلا تھا خنجر کا

لیکن نہ مٹا یہ مقدر کا یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہوا

تاثیر نہو جب ان مین فریاد روئے تو کیا تڑپے تو کیا

بجلی نہ گری طوفان نہ اوٹھا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

نہ تو صدمۂ کوہ الم اوٹھا اور زار یہ ہون تنکا نہ ہلا

مجھسے تو سنا اے کاہ ربا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

تڑپا نہ تہِ خنجر مین ذرا سر اپنا دیا شکوہ نہ کیا

تھا پاس ادب جو قاتل کا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

کہتا تھا ہو اوس سے وصال مرا یا جلد کہین ہو وصال مرا

تھا خواب مین بھی یہ خیال مرا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

مینھ ہائے نہ برسا تیرون کا اور اون ابرِی شمشیرون کا

کچھ بس نچلا تدبیرون کا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

بازار محبت گرم رہا اوس یوسف سے سودا نہ بنا

نہ تو مول لیا نہ تو آپ بکا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

مین نزع مین تھا بلوا نہ سکا کوئی مجھسے یہ پونچا نہ سکا

نغمۂ سازنے وان شب تمھین بیدار کیا
یان ہمین آنسوؤن کے تارنے سونے نہ دیا

سو گیا شب کو جو مین اوسنے جبین ٹھکرائی
میرے طالع کو مرے یار نے سونے نہ دیا

جیتے جی سمجھے تھے آئے گی عدم مین ہمین نیند
سو خیال دہن یار نے سونے نہ دیا

تیغ نے اوسکے گلے لگ کی سولایا مجکو
کیا ہوا ساتھ اگر یار نے سونے دیا

خار کو بے کفِ پا میرے نہ آرام آیا
پاؤن کو آرزو خار نے سونے نہ دیا

یار نے وصل مین چاہا کہ مجھے نیند آئے
پر مرے طالع بیدار نے سونے نہ دیا

اوسکی آنکھونکے تصور نے اوڑا دی مری نیند
اپنے بیمار کو بیمار نے سونے نہ دیا

وصل مین آنکھ لگی تھی کوئی دم اسکی عوض
عمر بھر چرخ جفا کار نے سونے نہ دیا

تمھین نیند آئی نہ وان فکر حنابندی مین
یان ہمین دیدۂ خونبار نے سونے نہ دیا

ہے یہ مشہور غلط سولی پہ بھی آتی ہے نیند
ہمکو یاد قدِ دلدار نے سونے نہ دیا

بال سا آنکھو مین کھٹکا کیا میری شب ہجر
یاد موے کمر یار نے سونے نہ دیا

جلد تلوار اوٹھالی مرے سر پر رکھکر
سایۂ تیغ مین بھی یار نے سونے نہ دیا

ہجر مین سوتے تو کیا وصل مین منھ دیکھا تے
خیر گذری جو غم یار نے سونے نہ دیا

قبر مین جنکو نہ سونا تھا سولایا اونکو
پر مجھے چرخ ستمگار نے سونے نہ دیا

چونک اوٹھا سبزۂ خوابیدہ چمن مین گویا
نالۂ بلبل گلزار نے سونے نہ دیا

تھا جو افتادگی شعار اپنا
نہ زمین سے اوٹھا غبار اپنا

دل سا دشمن ہے دوستدار اپنا

بندھ گیا اب خیال زلف دراز
طول کھینچے گا انتظار اپنا

[illegible]

کون ہیں وہ جو کیا کرتے ہیں انسان کو قتل
ہم سے سیماب بھی کشتہ کسی عنوان نہ ہوا

زور سے زیر کیا چاہیے نفس بد کو
آپ سے خر تو کبھی مائل پالان نہ ہوا

سخن بد نہ کبھی فائدہ بخشے ہرگز
خس و خاشاک کبھی سنبل و ریحان نہ ہوا

آسیا آرد سے خالی ہے فلک کی یارو
اس سے کوئی کبھی منت کش دندان نہ ہوا

عشق کا بار اٹھا تب ہی گردن پہ رکھا
حامل اس بوجھ کا جب گنبد گردان نہ ہوا

برق وش جب مجھے وحشت نے اڑھایا ایسے
اک قدم ملک دو عالم مرا جولان نہ ہوا

سینۂ گرم مرا خود ہے تنور روشن
میں کسی سے کبھی منت کش نان نہ ہوا

عیب عالم کا نہ دیکھا مری آنکھوں نے کبھی
کبھی آلودۂ غش دامن پاکان نہ ہوا

اک غزل اور سناؤ کوئی گویا ہم کو
اس سے آسودہ ہمارا دل نالان نہ ہوا

۲۷ [illegible]

دیکھکر کون تری چہرہ کو حیران نہ ہوا
کسنے دیکھیں تری زلفیں جو پریشان نہ ہوا

بسکہ سانہ میں ہوا خنجر قاتل سے شہید
کوئی جز زخم مری لاش پہ گریان نہ ہوا

جب میں سمجھا کہ یہی سایۂ گیسوی دراز
پھر مجھے کچھ غم طول شب ہجران نہ ہوا

ہم وہ بلبل ہیں قفس میں ہی کٹی ساری عمر
گذر اپنا تو کبھی سوی گلستان نہ ہوا

اس تمنا میں ہم افسوس ہوئے سودائی
تیری ہاتھوں سے مگر چاک گریبان نہ ہوا

جبتلک باندھا نہ خورشید رخوں کا مضمون
مطلع صبح مرا مطلع دیوان نہ ہوا

ابر میں کب نہ چھپا شرم سے تیرے آگے
ماہ کس رات چراغ تہ دامان نہ ہوا

[illegible]

وہان شکوہ وارستہ ہے درد ہجر جانان کا
کوئی مرہم نہین جز وصل مین زخم نمایان کا
تصور یار کا باندھا ہی جلوہ مہ تابان کا
دہن مین دیکھلا دانت اوس ...
عدم مین بھی ... آب حیوان کا
پیا کرتا ہون شانہ باغ مین زلف جانان کا
بسے تسکین تصور باندھا ... مژگان کا
شعاع مہر سے ثابت ہوا ہے ...
سیہ کارون ہی کو خاطر ہے رحمت ...
پری ظلمات کی قسمت مین چشمۂ آب حیوان کا
زبان میری ہوئی ہے صاف مچھلی آب حیوان کا

اس روب سے رنگئی دل مین تڑپنے کی ہوس
صبح محشر ہے بیاض صفحۂ خامہ صور ہے
آسمان اک آبلہ ہی پانون کا ہی جنون
دیکھکر چہرے پہ تیرے زلف مشکین کی بہار
ہاتھ روشن صبح کو تھا ہیجۂ خورشید سان
ایک کافر کے غم فرقت نے زار ایسا کیا
سر جھکا تا ہے تہ شمشیر ہر اک آن کر
برگ گل ہر ایک تجھ بن تیغ خون آلودہ ہے
رو نبیسے حال دل صد پارہ ظاہر ہو گیا
شام کو پڑھنی نماز صبح واجب ہو گئی
چشم جانان کا ہمیشہ وصف جو لکھتا ہون مین
گلشن دنیا کا پھل ہر ایک ہے برچھی کا پھل

پاس تھا خون سے نہ آلودہ ہو دامن یار کا
وصف لکھا ہی جو ہمنے یار کی رفتار کا
ایک کانٹا ہی ہلال اپنے کف پر خار کا
ہو قلق پھر باغ جنت کو فراق یار کا
ہاتھ مین جو ہاتھ دیکھا خواب مین شب یار کا
سیر کی ہر رگ پر گمان ہی رشتۂ زنار کا
ہی خم محراب شاید خم تری تلوار کا
بن تری ہر سرو پر مجھکو گمان ہے دار کا
اشک خون رخنہ ہوا گلزار کی دیوار کا
روی عالمتاب سے سرکا جو گیسو یار کا
ہو گیا ہے اب قلم میرا عصا بیمار کا
چوب دربان ہی نہال خشک اس گلزار کا

مروے بھی او ٹھتے ہین نالے سنکے اے گویا مری
بند ہو گیا ہے یہ تصور یار کی گفتار کا

جو داغ سینہ ہی چشم ہے خورشید تابان کا
ہما کا سایہ بھی مرغ خائف سان گریزان ہے
خیال اٹھ زمین ذکر دیا ایسا سو ناز کے

شعاع مہر ہے جو تار ہے میری گریبان کا
اندھیر اپنی دیکھا ہی جو اکثر شام ہجران کا
او ٹھا سکتی نہین ہے آنکھ اپنی بوجھ مژگان کا

تعجب کچھ نہین ہے طوطی خط ہوا گر گویا
در دندان کو دکھلایا تو ہوتا
رسائی ہاتھ دکھلایا تو ہوتا
کبھی منھ خون کا برسایا تو ہوتا

۲۹

کہے کب سرو کو آزاد بندہ | خطِ آزادی لکھوایا تو ہوتا
سمجھتے ہم ہین مصحف تیرے رخ کو | ہمارا ہاتھو رکھوایا تو ہوتا
چراغِ زیرِ دامن کیون بنے ہو | ڈوپٹہ منھ سے سرکایا تو ہوتا
پس از مردن مجھے ای جذبۂ دل | لحد تک کھینچکر لایا تو ہوتا
نجاتے یاریون جلد اوس گلی سے | جنازہ میرا ٹھہرایا تو ہوتا
اگر آنکھین ہمین دی ہین خدا نے | کبھی اوس بت کو دکھلایا تو ہوتا
دکھا کر رہگئے کیا تیغ کا گھاٹ | لہو مین ہمکو نہلایا تو ہوتا
جو کاہیدہ تھا مین تو کہربا سے | مرے لاشے کو اوٹھوایا تو ہوتا
بنایا ای خدا اگر اوسکو یوسف | ہمارا ہاتھ بکوایا تو ہوتا

اگر کہتے ہو تم آئینہ رخ کو
کبھی گویا کو دکھلایا تو ہوتا

غم نہین اسکا مجھے مین مرگیا | غم یہ ہے قاتل کا خنجر سہہ گیا
اولٹی دکھلائی مسیحائی مجھے | جلنے مین ہر بات پہ مر مر گیا
ضعف سے جب پانون اپنے رہ گئے | راہ مین تیرے ہمارا سر گیا
مرنے پر بھولا نہ مجھ وحشی کو وہ | آکے اک چھاتی پہ پتھر دھر گیا
میرے ہوتے غیر پر کرتا ہی ظلم | اوستم ایجاد کیا مین مرگیا
تھم گئے آنسو تو دل کہنے لگا | ہاتھ سے کیا گنجِ گوہر گیا

غیر کی دید بھی گویا ہے نظارا اپنا

اے اجل اب ہمین مرنا ہے گوارا اپنا

[illegible]

سر و پا دست و بغل کاٹ کے رکھدین تو سہی
بلبل زار ہون صیاد نہ رکھ قید مجھے

اوسکے جاتے ہی ہوا صورت بسمل ہر گل
لخت دل دیکھ کے مژگان پہ مری کہتا ہے

توڑ سکتے نہین اک تار بھی اب ضعف سے ہم
ابر ہے تجکو قسم نوح کی آتو بھی دیکھ

تجکو دکھلاتے ہین ہم گنج شہیدان کیسا
اندنون دیکھ تو ہے رنگ گلستان کیسا

ہو گیا صحن چمن گنج شہیدان کیسا
آج دریا کے کنارے ہے چراغان کیسا

چاک کرتے تھے کبھی اپنا گریبان کیسا
آج ہم کرتے ہین ان اشکون سے طوفان کیسا

کون سی فصل کو برسات ہین کہتے گویا
اشک بن ہمنے نہ دیکھا کہ ہے باران کیسا

گھر مین اک ماہ لقا کے ہے گذارا اپنا
آتی ہے بحر محبت سے یہ ہر آن صدا

نقد دل دیجیے اور زلف کا بوسہ لیجے
منھ سے اوس بت کے نکلتا ہے کہ سبحان اللہ

گذری جب آپ سے جا پہونچے در جانان تک
قبر کو دیکھ کے اوس ماہ نے منھ پھیر لیا

ہم وہ پیاسے ہین نہ دیکھین کبھی دریا کی طرف
منع کرتے ہو مجھے دیکھنے سے تم اپنے

دیکھو آئینہ مین اک بار ذرا شکل اپنی

اندنون برج قمر مین ہے ستارا اپنا
گور کہتے ہین جسے ہے وہ کنارا اپنا

ای جنون خوب ہے اس سے وہین ویرانا اپنا
جب وہ آئینہ مین کرتا ہے نظارا اپنا

اب تو بے منت پاپوش ہے گذارا اپنا
کیون فلک اب بھی ہے گردش مین ستارا اپنا

سوے آب دم خنجر ہے اشارا اپنا
شاید آپ تک گیا ہوگا نظارہ اپنا

تب مین جانون کہ منھ دیکھو دوبارا اپنا

چشم بیمار نے ہمین مارا

[illegible]

ہو سیہ پوش کیوں نہ مردم چشم
نگہِ یار نے ہمیں مارا

طور پر جا کے لاشہ رکھ دینا
شوق دیدار نے ہمیں مارا

مر گئے بس اسی تمنا میں
نہ کبھی یار نے ہمیں مارا

بند جس نے کیا ہے گویا کو
اوسکی گفتار نے ہمیں مارا

ہمسے برگشتہ ہوئی ابروِ خمدار جدا
پھر گئی بخت کی صورت فرۂ یار جدا

ہم بغل تجھسے جو ہوں ہو نہ تنِ زار جدا
جس روش گل سے رگِ گل ہو نہ زنہار جدا

عشق اسی کہتے ہیں لب پر یہ دعا ہے تہِ تیغ
سر جدا ہو پہ نہو قاتلِ خونخوار جدا

شمع کیطرح کھڑی ہیں یہ چلے جاتے ہیں
تیرے دلسوز رفیقوں سے بھی ہے رفتار جدا

دیکھکر دل کو مری پھیر لیں یوں آنکھ اوسنے
جسطرح ہو کوئی بیمار سے بیمار جدا

ہے عزا وہ مہِ کنعان کہ جیسے دیکھے ہوں
اونگلیاں پنجۂ خورشید کی دو چار جدا

دل سے جاتی نہیں اوس نرگسِ مخمور کی یاد
میرے کعبہ سے نہیں خانۂ خمار جدا

رات دن بس ہیں اسی سوچ میں رہتا ہوں الٰہی
شہسوار ایسا ہوا کو لنا غمخوار جدا

ابلقِ چشم ہے گردش میں اور آنسو ہیں رواں
جا گرا آوارہ جدا پھرتی ہیں رہوار جدا

پیچ میں لائینگے وہ دیکھیے اب کس کس کو
ایکدم سر سے نہیں ہوتی ہے دستار جدا

تیرہ بختی مری اتنی تو بھلا کام آوے
ہو نہ سر سے وہ کبھی سایۂ دیوار جدا

فکرِ وصفِ درِ دندان میں جو ہوں اے گویا
ہاتھ سے ہوتی نہیں کلکِ گہربار جدا

ردیف ثاے مثلثہ

بلبلونکو دیکھکر دریا کا جانا چھوڑ دے کوئی بلبل مر گئی تو دیکھ لینا باغبان	کب وہ گل جاتے گلستان ہین برائے عندلیب بیچ کر کھیلونکو لونگا خونبہائے عندلیب

یادگاریان ہین کیا گویا لئے کھینچی آہ سرد
ہو گئے ہین گل چراغ داغہائے عندلیب

ردیف تاے فوقانیہ

کیا ہین شیدائے قدِ یار درخت	ہین جو شبنم سے اشک بار درخت
دیکھین گر سرو قدِ یار درخت	خاک پر لوٹین سایہ دار درخت
اشک باراون یہ ہین جو مرغِ چمن	پہنے ہین موتیون کا ہار درخت
کشی کی ہے کیا ترے قد سے	کاٹے جاتے ہین بے شمار درخت
کیا ترے قد سے دون مثال آہ بے	کہ ہے انگشت زینہار درخت
تیرے جلوے سے نخل طور بنے	ہین جو لائے کو مسمار درخت
بید مجنون کو دیکھ او لیلی	ہے یہ مجنون کا یادگار درخت
دیکھکر تجھکو بھول جائین گے	گل کھلائین گے بے بہار درخت
زندگی مین نہ مین نے پھل پایا	ہو نہ میرے سرِ مزار درخت
فائدہ بھی یہان تو نقصان ہے	سنگ کھاتے ہین باردار درخت
داغ تن کھل رہے ہین صورتِ گل	ہم ہین گویا شگوفہ دار درخت

ردیف جیم فارسی

کیا چمن کو جاؤں میں دیوانہ نازک مزاج
جب تمہی ہو جاتا ہوں زنجیر و نکی پیچ

جب صنم خانے میں جاتا ہے وہ بت نام خدا
جان پڑ جاتی ہے سب پتھر کی تصویر و نکی پیچ

باندھے سب فتراک سے صیاد نے چھوڑا مجھے
میں ہی کیا صید ہوں تھا سارے نخچیر و نکی پیچ

رنگ اوڑ جاتا ہے سبھی کا تیری عیب جس سے
گر تری تصویر رکھدیں لاکھ تصویر و نکی پیچ

تشنگی جب سے شہید کربلا کی ہے سنی
آبداری کا نہیں ہے نام شمشیر و نکی پیچ

مرضی حق میں کبھی رکھا نہ ثابت اک قدم
عمر ساری کٹ گئی اپنی تو تقصیر و نکی پیچ

واہ کیا کہنا ہے اوسکا سحر ہے باتیں نہیں
بند کر دیتا ہے جو گویا کو تقریر و نکی پیچ

ردیف حای حطی

اوس رشک آفتاب کو گر دیکھ پائے صبح
خجلت سے تا بحشر نہ پھر منہ دکھائے صبح

چوٹی کے بال بیٹھ پرا ہے وہ کھول کر
کہتا ہے ہنس کے شام ہے دیکھو قفائے صبح

آجاتی ہے ہنسی مجھے یاد ایک صبح کی
روتا ہوں دیکھ دیکھ کے میں خندہائے صبح

بند قبا جو کھولے تو اے رشک آفتاب
کیونکر نہ اپنی جیب کو پکڑے اور اڑائے صبح

تیرا رخ صبیح اگر دیکھ لے کبھی
خورشید کی نظر میں نہ ہرگز سمائے صبح

کس نازنین سے سیکھی ہے اوسنے سبکروی
دیکھا زمین پر نہ کبھی نقش پائے صبح

چپکن کے تیرے بند جو دیکھے سو یہ کہے
تار شعاع مہر سے بند قبائے صبح

ردیف خای معجمہ

نظر آیا نہ کسیکو کبھی عنقا ہے وہ رخ
پیچ بتاؤ کہ کسی نے کبھی دیکھا ہے وہ رخ
مہر و مہ پھرتے ہیں اب تک نہیں دیکھا ہے وہ رخ
مہ و خورشید کا دیکھو تو تماشا ہے وہ رخ
باعث روشنی دیدۂ بینا ہے وہ رخ
[illegible]

کیوں
یہ چراغ حرم و شمع کلیسا ہے وہ رخ
[illegible]

[illegible]

فلک ہے زیر فرمان محمد
[illegible] آتش ستان محمد
بیان اور کلام [illegible] فرمان محمد
کلام حق ہے فرمان محمد
یقین ہے وہ مکان ہے اوس لامکان مین
ہے عالم سب ہے مہمان محمد
چراغ ماہ ہے شمع شبستان محمد
ہوا وہ باعث ایجاد عالم
ولا ہے سب احسان محمد
کیون کی تکرار مین دربان کو رضوان
کہ جنت ہے گلستان محمد
چراغ آسمان الکرم مین گل ہو
منور ہے زمین داماں محمد
مسیحائی ہوئی امت کو دم مین

گویا مصرع صائب
سند طبع ہے بو دو زلف لب اور رخ بدن ان سے

ردیف دال

کیون نہ انگشت نما ہو وہ مہ نو کیطرح
کہ ہمین بعد مہینے کے دکھاتا ہو وہ رخ

آنکھین نرگس ہین دہن غنچہ ہی عارض گل ہین
پھولون کی ڈالی ہمین اب نظر آتا ہو وہ رخ

فاصلہ شام و سحر مین نہ رہا اے گویا
دیکھ لے متصل زلف چلیپا ہے وہ رخ

جو ہمیہ غصے مین ہو رنگ روے جانان سرخ
لہو یہ روئین کہ ہو جیب سرخ و دامان سرخ

خیال آتش گل مین ہین بسکہ گرم فغان
ہوا ہی شعلۂ آواز عندلیبان سرخ

کرے جو قتل وہ مجکو نہ مین کرون رسوا
لہو سے میرے کبھی ہو نہ تیغ جانان سرخ

لگایا آنکھون کو جو یار کا حنائی ہاتھ
تو میری پلکین ہوئین مثل شاخ مرجان سرخ

قبای سرخ صنم سے ہی کیا اوسے نسبت
کہ عندلیب فقط گل کا ہے گریبان سرخ

گمان ہی سکو کہ الماس ہو گئے یاقوت
جو پان کھانیسے اوسکے ہوئے ہین دندان سرخ

مین کیا بتاؤن کہ کیسے ہین سرخ وہ لب یار
نہ لعل سرخ ہی ایسا نہ ایسا مرجان سرخ

جو عندلیب کو غیرت ہو روے ایسا خون
کہ گلفروش کی ہو جا ساری دکان سرخ

قبا سفید جو پہنے تو سرخ ہو جائے
فزون ہی گل سے کہین رنگ جسم جانان سرخ

پس از فنا بھی جمع ہے دھیان دست رنگین کا
تو ہڈیان ہین مری مثل شاخ مرجان سرخ

برس رہا ہی لہو میری چشم پر خون سے
وہ دیکھے آکے نہ دیکھا ہو جسنے باران سرخ

ہماری قبر پہ شوخی سے اوسنے پھینکے پھول
کہا کہ چاہیے تھا مرقد شہیدان سرخ

ہر ایک خار مین عالم ہوا رگ گل کا
بہایا تلوون سے خون ہو گیا بیابان سرخ

خدا [illegible] زیادہ [illegible]
[illegible]

[illegible]

دیکھ لونگا جو تصور میں تو کیا کیجیے گا
بنگیا چرخ مری اشک کے دریا کا حباب
شکل فانوس خیالی ہوں سدا گردش میں
کردے قاتل دہن زخم سے خندان مجکو
کھا گیا آہ ترا غم تو کلیجہ میرا
پانون رہجاتے ہیں چلنے ہی تو سر سہرتا ہے
کھائے زخم اوسکے بہت ابکی گلا کاٹیں آپ
بھولتی دل سے نہیں یاد کسی مطرب کی
کبھی کاشانۂ دل میں نکیا تونے ظہور
تنگ ہیں زیست سے ہم سہتے ہی دوبال گراں

میری نظروں سے بھلا رہیگا پنہان تا چند
رہوں ای ماہ ترے ہجر میں گریان تا چند
تجکو ڈھونڈا کروں اے شمع شبستان تا چند
میں رہوں آرزو قتل میں گریان تا چند
ای ستمگار کروں دعوت مہمان تا چند
رہوں سرگشتہ میں اے گنبد گردان تا چند
سر پہ لیں ہم تری تلوار کا احسان تا چند
دیکھیے دے کیطرح رہتی ہیں نالان تا چند
خانہ آباد مرا گھر رہے ویران تا چند
تیرے مشتاق رہیں خنجر جانان تا چند

نظر آتا نہیں گویا مجھے سامان وصال
دست وحشت میں پھروں بے سر و سامان تا چند

از ادب چشم سوی زخم دل من نکند
نالم وحیف لب بام تو شیون نکند
جامہ گر چاک شد از تار کفن دوختہ ام
زیر دیوار تو از رشک نگہبان باشم
عشق گیسوے تو گر سلسلہ جنبان نشود

تا مسیحا وضو از چشمۂ سوزن نکند
گریم و اشک روان دیدۂ روزن نکند
چون من زار کسی خواہش مردن نکند
کہ نگہ بر رخ تو دیدۂ روزن نکند
کار زنجیر بہ گردن رگ گردن نکند

نام روشن خاک اوڑا لی ہے صبا میرے بعد
ہوگئی اودہی گلشن کی ہوا میرے بعد
کہگئے دن یار نے شانہ نکیا میرے بعد
کیا پریشان رہی زلف دوتا میرے بعد
خون مرا کرکے لگانا نہ حنا میرے بعد
دست رنگین ہنون انگشت نما میرے بعد

ردیف ذال معجمہ

سنبل تر بھی پریشان نہ ہوا [illegible]
پیو مجنون نہ ہوا گل کا گریبان نہ پھٹا [illegible]
نظر آیا نہ کوئی [illegible]
ولولہ جوش جنون کا [illegible]

قطعہ گویا

[illegible]
غالب [illegible]

نکیا شوق سے مضمون سے کبوتر کا غذ
خود بخود بار تلک جا پہنچا اوڑ کر کاغذ
خط پہ خط [illegible] لکھے پر نہ لکھا [illegible] جواب
کہہ قاصد کہ ہوا کیا نہ میسر کاغذ
حال رونے کا اگر کاغذ ابری پہ لکھون
صورت ابر ہمیشہ وہ رہے تر کاغذ
سیکڑون [illegible] بھیجے ہین خط تجکو [illegible]
اوڑ سے پھرتے ہین تری کوچہ مین اکثر کاغذ

استخوان میری سگ یار تلک پہونچا دے	اتنا احسان کرے مجھ پہ ہما میرے بعد
صد ہزار تیغ نے اور فرط نزاکت کے سبب	پہلے مین گرپڑا اور یار گرا میرے بعد
چمن جوہر شمشیر سے سنگوائے پھول	خوب قاتل نے سوم میرا کیا میرے بعد
کیا ہی مرنے سے مری شاد ہین اللہ اللہ	بت کیا کرتے ہین اب شکر خدا میرے بعد
نرہی بعد مری نامۂ پیغام کی رسم	خاک اوڑاتی پھری گلیون مین صبا میرے بعد
منھ دکھانا تو کہان باتین تھین اوسکی جھنک	لن ترانی کی بھی آئی نہ صدا میرے بعد
کیا ہوا غم نکیا اوسنے مرے مرنے کا	اوسکا گیسو تو پریشان رہا میرے بعد
چاک کرتا ہون اسی غم سے کفن مرقد مین	کھلے رہتے ہین ترے بند قبا میرے بعد
مجھسا بدنام کوئی عشق مین پیدا نہوا	ہان مگر قیس کا کچھ نام ہوا میرے بعد
کبریائی تری ثابت نرہی گی اوبت	کوئی کہنے کا نہین تجکو خدا میرے بعد
استخوان کو نہ جلا دیجیو ای آتش غم	آکے مایوس نہ پھر جا ہما میرے بعد
دہن گور ابھی وا ہو بیان کرنے کو	آکے پوچھے تو اگر حال مرا میرے بعد
سر اوٹھایا مری وحشت نے پس انعرون بھی	بید مجنون مری تربت پہ اوگا میرے بعد
سنگ مدفن کی عوض رکھدیا مدفن پہ مرے	کوہ غم جبکہ کسی سے نہ اوٹھا میرے بعد
سب سے پہلے ہوئین اوس ورخ تابان کا اسیر	طوق قمری کے بھی گردن مین پڑا میرے بعد
تیرے آنیکی دعا مانگی ہی اول مین نے	ساقیا ہاتھ سبو کا بھی اوٹھا میرے بعد
اوٹھ گیا صفحۂ ہستی سے نگین کی صورت	نزع مین تھا مرا نام رہا میرے بعد

حال لکھا ہے ترے ہجر مین جس پر کاغذ
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

ردیف رای مہملہ

[illegible]

طبیعت آئی ان روزون ہے اک طفل برہمن پر
گمان ہی نالۂ ناقوس کا اب میری تسبیحون پر

ہوا یہ رتبہ زلف یار کا کنگھی کے کرنے سے
ہوا پر ہی اوڑی جاتی للا شانہ کی ناگن پر

ہمیشہ مار او رطاؤس مین ہے دشمنی دیکھی
دل ہر داغ کیون شیدا ہوا ہی زلف پرفن پر

نظر آتی ہے مسی کی دھڑی پریان کی سرخی
کسی نے برگ گل یا رکھ دیا ہی برگ سوسن پر

ہوا یہ پانی پانی دیکھکر اوس غیرت گل کو
طلب کرتا ہی اوڑ جاتی تو ہر بلبل سے گلشن پر

شب مہتاب مین ہنسنا تمھارا لائیگا آفت
گری گی ایکدن بجلی مہ تابان کے خرمن پر

تبسم دیکھکر اوس شعلہ رو کا جل رہے ہین گل
بجا ہی گر کہون بجلی گری پھولونکی خرمن پر

دھوان جب لیسے اوٹھتا ہے تری آن سیر گزین
تو اک کالی گھٹا سی یار چھا جاتی ہے گلشن پر

نہ کیونکر سینہ و دل خانۂ زنبور ہو جائین
طبیعت آگئی ہی اک نگاہ ناوک افگن پر

ہوا تار نگہ مین رشتۂ زنار کا عالم
ہماری آنکھ پڑتی ہی جو اک طفل برہمن پر

منور ہو گئی میری لحد کس کے پرتو سے
چڑھائی چادر مہتاب کس نے میرے مدفن پر

کوئی خورشید تابان جلوہ گر ہے اوسکی اوجھل مین
شعاع مہر کا کیونکر گمان ہوئے نہ چلون پر

منور ہو گیا السا مکان اوس مہ کے جلوے سے
ستارون کا گمان ہوتا ہی دیوارونکی روزن پر

بنایا ہے زمین کو آسمان ان شہسوارون نے
مہ نو کا ہی عالم ہر نشان نعل توسن پر

مری زنجیر پر یون سنگ طفلان آ کے لگتے ہین
کہ بیتابانہ دوڑی جیسے مقناطیس آہن پر

اگر مجھ ناتوان کو رخصت گلشن نہین دیتے
بجای خار بٹھلاوین سر دیوار گلشن پر

چمک تیری دانتونکی اونھین دعوی تھا کچھ شاید
تبھی مٹی خدا نے ڈالدی ہیرون کی معدن پر

دیکھ لیلی کو ہنسا جب مین تو مجنون نے کہا
میری آنکھون سے اگر تو دیکھتا روتا ضرور
آگے اوسکا مصحف رو دیکھتا روتا ضرور
ہے یقین واللہ مجھکو حافظ قرآن اگر
یار کی گر بیت ابرو دیکھتا روتا ضرور
گرچہ یوسف کا بھی تھا مصرع قامت لاجواب
اوسکو اسے غافل اگر تو دیکھتا روتا ضرور
جو صبا کی ظلم رانی ہے ہمارے حال پر
میرا رونا وہ ستمگر بو دیکھتا روتا ضرور
ایسا رویا ہون کہ گریندہ ہوا ابر بہار
میری حالت گر وہ بدخو دیکھتا روتا ضرور
کسطرح کٹتی ہین راتین کسطرح گذرے ہین دن

مجھکو جب بجلی تو مینہ کا بھی برسنا چاہیے
مین مجھے ہنستے جو ابرو دیکھتا روتا ضرور
باغ مین لالہ ہی نہین ہون داغ اشک کی
جب ترا مین گلشن کو دیکھتا روتا ضرور
چشم بد دور آنکھین تیری غیرت لیلی کی گر
وادی مجنون کا آہو دیکھتا روتا ضرور
بن گیا ہون غم کی مین تصویر اوسکی ہجر مین
مجھکو وہ جو سر بزانو دیکھتا روتا ضرور

حیف کبھی یار تک پہونچی نہ میرے استخوان
سوکھ جائین گر ہماری آبلون کی چھاگلین
بعد مردن بھی ہے باقی میرے نالون کا اثر
